موضع چکری تحصیل پنڈ دادنخان میں درس قرآن

مورخہ 6 اکتوبر بروز ہفتہ موضع چکری میں جماعت کے مخلص کارکن سہیل شریف نے اپنے بیٹے کی پیدائش پر ایک دینی پروگرام ترتیب دیا اور علاقہ سے لوگوں کو بھرپور دعوت دی اس پروگرام میں رئیس الجامعہ کا درس تھا لیکن ایبٹ آباد میں کانفرنس کی وجہ سے شرکت نہ کر سکے۔ اس موقع پر مولانا قطب شاہ نے توحید وسنت کے موضوع پر درس دیا جس میں علاقہ بھر سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ درس کے بعد دعوت عقیقہ سے لوگوں کی پُر تکلف دعوت کی گئی۔

جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور میں عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 9 اکتوبر بروز منگل بعد از نماز مغرب سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر عظیم الشان کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی پروگرام کا آغاز حافظ منظور احمد اور حافظ مبشر حسین کی تلاوت سے ہوا، حمد ونعت قاری جہانزیب امام و خطیب جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل نے پیش کی اور اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا قاری احسان اللہ اسد اور حضرت مولانا محمد نواز چیمہ نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دُعائیہ کلمات سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔ اس پروگرام کا اہتمام محمد سلیم بھٹی اور غلام حسین بھٹی نے کیا۔

وفیات

محمد اسلم، ناصر اقبال و آصف اقبال کو دوہرا صدمہ — انکی والدہ اور والد کا یکے بعد دیگرے انتقال

مورخہ 24 ستمبر بروز سوموار محمد اسلم، ناصر اقبال و آصف اقبال کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ مورخہ 25 ستمبر بروز منگل ان کے والد محترم ماسٹر محمد بشیر صاحب جو کہ اُثریہ ماڈل سکول میں کئی سال تک تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

افتخار بھٹی (لالہ زار کالونی) کو صدمہ

مورخہ 26 ستمبر بروز بدھ جماعتی بزرگ مرحوم عبدالقیوم بھٹی کے صاحبزادے افتخار بھٹی کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد لالہ زار کالونی میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور شاکرہ خاتون تھیں مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

میاں نعیم بشیر و محمد سہیل کھوکھر (پیراڈائز) کو صدمہ

مورخہ 25 ستمبر بروز منگل میاں نعیم بشیر کے برادران لاء طارق انور امریکہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

محمد سلیم (دینہ) کو صدمہ

دینہ میں جماعت کے مخلص ساتھی محمد سلیم کے بڑے بھائی غلام عباس مورخہ 22 ستمبر بروز ہفتہ چک بیلی خان میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔

نعیم اختر (الیکٹریشن) کو صدمہ

مورخہ 24 ستمبر بروز سوموار نعیم اختر الیکٹریشن جامعہ اثریہ کی چچی محترمہ طویل علالت کے بعد ٹھمکہ ضلع گجرات میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور انتہائی دیندار خاتون تھیں۔

ملک امجد نذیر، ملک اسلم اور ملک محمد عامر کو صدمہ

مورخہ 27 ستمبر بروز جمعرات جامعہ کے مستقل نمازی ملک امجد نذیر کے چچا، ملک محمد اسلم کے والد اور ملک محمد عامر کے نانا جان ملک محمد شفیع مشین محلہ نمبر 1 میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ڈاکٹر شاہد تنویر کو صدمہ

مورخہ 30 ستمبر بروز اتوار ڈاکٹر شاہد تنویر (ای ڈی او ہیلتھ) کے خالہ زاد بھائی محمد سعید (ریٹائرڈ انجینیر پی ٹی اے) وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

تنویر اسلم و نصیر اختر کو صدمہ

مورخہ 15 اکتوبر بروز سوموار تنویر اسلم کی خوشدامن اور نصیر اختر کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور صابرہ خاتون تھیں نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالی مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)